راشٹریہ سہارا 28 JAN 2019

اُردو یونیورسٹی میں بین الاقوامی کانفرنس

”فارسی زبان وادب میں دکن کا حصہ“ 5رفروری کو

حیدرآباد (پریس ریلیز) انجمن استادانِ فارسی، ہند (اپٹا) کی 36 ویں بین الاقوامی کانفرنس کا مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی میں شعبۂ فارسی کے اشتراک سے 5 تا 7رفروری اہتمام کیا جارہا ہے۔ کانفرنس کا عنوان ”فارسی زبان وادب میں دکن کا حصہ“ ہے۔ پروفیسر شاہد نوخیز، صدر شعبۂ فارسی ومقامی سکریٹری اپٹا کے بموجب 5رفروری کو صبح 10:30 بجے لائبریری آڈیٹوریم میں افتتاحی اجلاس منعقد ہوگا۔ آقائی پروفیسر غلام علی حداد عادل، سابق پارلیمانی اسپیکر، اسلامی جمہوریۂ ایران، وصدرنشین سعدی فاؤنڈیشن، تہران، مہمانِ خصوصی ہوں گے۔ ڈاکٹر محمد اسلم پرویز، وائس چانسلر صدارت کریں گے۔ پدم بھوشن موسیٰ رضا، آئی اے ایس، صدرنشین ساؤتھ انڈین ایجوکیشنل ٹرسٹ، چنئی؛ پروفیسر مظفر علی شہمیری، وائس چانسلر، عبدالحق اردو یونیورسٹی، کرنول؛ شاہنواز قاسم، آئی پی ایس، صدرنشین تلنگانہ وقف بورڈ، وڈائرکٹر اقلیتی امور، ریاست تلنگانہ اور تہران یونیورسٹی، ایران سے معروف اساتذہ پروفیسر پروین دخت مشہود اور پروفیسر آقائی علی محمد مؤذنی مہمانانِ اعزازی ہوں گے۔ صدر اپٹا پروفیسر آذرمی دخت صفوی خطبۂ استقبالیہ پیش کریں گی۔

راشٹریہ سہارا 28 JAN 2019

اردو یونیورسٹی میں بی ایڈ فاصلاتی میں داخلوں کا آغاز

حیدرآباد (پریس ریلیز) مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی، نظامت فاصلاتی تعلیم کے تحت چلائے جانے والے بی ایڈ کورس 19-2018 میں آن لائن داخلوں کے لیے اعلامیہ جاری کردیا گیا ہے۔ پروفیسر پی فضل الرحمٰن، ڈائرکٹر نظامت کے بموجب آن لائن درخواستیں یونیورسٹی ویب سائٹ www.manuu.ac.in پر 28رفروری 2019 تک داخل کردی جانی چاہئیں۔ انٹرنس ٹسٹ 17رمارچ کو منعقد ہوگا۔ ای پراسپکٹس یونیورسٹی ویب سائٹ پر اور مزید تفصیلات فون نمبرات 23008463 - 040 یا 040-23120600 Ext. 2207 سے حاصل کیے جاسکتے ہیں۔